میوزک : ناشاد

اسماعیل فلمز کا تیار کردہ

fine

जवाब

43

جواب

اداکاران

گیتا بالی ۔ ناصر خاں ۔ جانی واکر

بلراج ساہنی وغیرہ وغیرہ

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

سٹوری ہاتھ کا رکشی چلا کر بسر کرنے والے دیال کو دنیا نامہ نے دل پر ٹھان لی کہ وہ اپنے بچے امر کو پڑھا لکھا کر انسان بنائے گا۔ چاہے جان ہی کیوں نہ نچھاور کرنی پڑے۔ آگے پردہ پر دیکھیں۔

گانے

جواب کے

گانا نمبر ۱

آج غم کل خوشی ہے یہی زندگی سن لے پیارے رے ریلے
آدمی وہ جو ہمت نہ ہارے
جو نہ کانٹوں سے دامن بچائے
پھول بن کے وہی مسکرائے
یونہی مر کے جی، اشک ہنس ہنس کے پی، غم کے مارے
آدمی وہ جو......
جن غریبوں سے دنیا خفا ہے
ان کو بھگوان کا آسرا ہے
مشکلوں سے نہ ڈر، ہو نہ تو اس قدر بے سہارے
آدمی وہ جو......
آج غم کل خوشی ہے یہی زندگی سن لے پیارے
آدمی وہ جو......

گانا نمبر ۲

آنکھ مچولی کھیلیں چاند ستارے
او جی آؤ ذرا پیار کریں
مست بہاریں روٹھ نہ جائیں

پھولوں سے بھنورے چھوٹ نہ جائیں
انکھیں چرالیں نہ یہ دلکش نظارے
آؤ جی آؤ ذرا پیار کریں

زندگی ہے یہ جھونکا ہوا کا
کیا ہے بھروسہ اس بے وفا کا
گھٹ کے رہ جائیں نہ یہ ارمان بچارے
آؤ جی آؤ ذرا پیار کریں
انکھ مچولی کھیلیں چاند ستارے
آؤ جی آؤ ذرا پیار کریں

گانا نمبر ۳

مَیں تو ہو گئی رے برباد ہائے راما پیار کر کے
تورے بلما انجرے میٹھے تجھ سے کریں نہ بات
نوں مَیں بتیاں نیروں میں پتیاں بیتی کروں دن رات
بیتی جائے رے جوانی تکرار کر کے
مَیں تو ہو گئی......
قسمیں جھوٹی جھوٹی کھا کے تجھ سے بڑھایا پیار
اب تورے جلما سیاں تجھ سے انکھیاں کریں نا چار
پچھتا گئی میں جھوٹوں کا اعتبار کر کے
مَیں تو ہو گئی......
پریت نبھانی جو نہیں جانیں اُن سے لگائی پریت
جان جلائیں اب وہی بیری جن کو بنایا میت
دھوکا کھا گئی مَیں ہائے ہن مَیں پیار کر کے

میں تو ہو گئی ......

گانا نمبر ۴

لڑکی :۔ اب میرا رام رکھوالا بڑا ہے تم سے پالا
لڑکا :۔ مت کرید گڑ بڑ گھوٹالا ہاں ہاں جی میں ہوں بھولا بھالا
لڑکی :۔ چاہا بہت دل پہ تم پر نہ آئے
لڑکا :۔ قیمت کا جھگڑا رو کا نہ جائے
لڑکی :۔ الفت نے ہائے مار ڈالا۔ پڑا ہے تم سے پالا
لڑکا :۔ دل کا کھرا ہوں میں جی وعدے کا سچا
مجنوں بھی میرے آگے ہے بچہ
لڑکی :۔ جھوٹے کا منہ کالا۔ پڑا ہے تم سے پالا
دونوں :۔ اب میرا رام رکھوالا ...

گانا نمبر ۵

بلم بڑے بھولے ساجن بڑے بھولے
نہ جانیں بیری میرے من کی بات
حال جیا کا کیسے سناؤں
کہنا تو چاہوں کہہ نہیں پاؤں
نظر جھک جائے پسینہ آئے ، نہ چھوڑے کبھی شرم مورا ساتھ
بلم بڑے بھولے ....
چنچل سکھیاں موہے ستائیں
چھیڑیں ہیں نٹ کھٹ باز نہ آئیں
ڈگر میں روکیں موہے سب لوگیں ، جلائیں مورا جیا دن رات
بلم بڑے بھولے ....

پہلے سے جو میں بھید یہ پاتی
الیوں سے ہائے دِل نہ لگاتی
ارے اب پچھتاؤں نہ کچھ کر پاؤں، بہاؤں آنسو دھرے سر پہ ہاتھ
بلم تیرے بھولے ......

گانا نمبر ۶

دھڑکتے دِل کو مِلا غم قرار کے بدلے
جُدائی تھی میری قسمت میں پیار کے بدلے
دِل ہی میں دِل کی رہ گئی پھول کھلے نہ پیار کے
گر پڑیں ہم پہ بجلیاں آئے جو دِن بہار کے
دِل ہی میں دِل کی ...
دِل وہ اُجڑ کے رہ گیا جِس میں بسی تھیں حسرتیں
آنکھیں وہ لُٹ کے رہ گئیں جلوے تھے جن میں یار کے
دِل ہی میں دِل کی ....
اُن کے بغیر زندگی موت سی بن کے رہ گئی
مر گئے ہم تو جیتے جی دھوکے میں آ کے پیار کے
دِل ہی میں دِل کی ....

گانا نمبر ۷

نگاہیں مِلا کے محبت لُٹا کے
مزے زندگی کے گھڑی بھر اُٹھا لے
بڑا ہی کٹھن ہے سفر زندگی کا
زمانہ میں کوئی نہیں ہے کسی کا
ارے بے خبر مجھ کو اپنا بنا لے — مزے زندگی کے ..

مقدر نہ سو جائے کروٹ بدل کے
محبت نہ رہ جائے ہاتھوں کو مل کے
میرے ساتھ آتو بھی خوشیاں منا لے — مزے زندگی کے...
کسی کو کوئی کھو کے پاتا نہیں ہے
گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں ہے
ابھی وقت ہے اپنی بگڑی بنا لے — مزے زندگی کے...

گانا نمبر ۸

لطعت محمود

سو جا تو میرے راج دلارے
چمکیں تیری قسمت کے ستارے
پھولے پھلے تو او لال میرے
چومے زمانہ قدموں کو تیرے
صدقے ہوں تجھ پر چاند ستارے
راج دلارے سو جا...
تجھ پر تجھا ور تن من کروں میں
تیری بلائیں لے کے مروں میں
لگ جائیں تجھ کو دکھ تیرے سارے
راج دلارے سو جا...
آکاش والے تیری دہائی
لٹنے نہ پائے میری کمائی
نیا نہ ڈوبے آکر کنارے
راج دلارے سو جا...

(ختم شد)

تمباکو کے مرکبات یعنی تمباکو کی دُکان

تمباکو کی اشیا بنا کر لوگوں نے ہزاروں روپیہ کمایا ہے۔ اور اب بھی کما رہے ہیں۔ ہماری اس کتاب میں طرح طرح کے خستہ تمباکو۔ بیڑی۔ سگریٹ۔ چرٹ۔ سرتی۔ زردہ۔ نسوار۔ مسالہ دار خوردنی تمباکو وغیرہ بنانے کے پوشیدہ راز اور ترکیبیں و طریقے درج ہیں۔

قیمت صرف ۔۱۔۱ ۲ محصولڈاک معاف

صنعت و حرفت کے خفیہ راز

مُصنف نے اس کتاب میں اپنی معلومات کا خزانہ جمع کر دیا ہے۔ یورپ امریکہ۔ جاپان کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے نامور سینکڑوں اشیا بنانیکے نسخے۔ صابون تیل کریم۔ پاوڈر اور روزمرہ زندگی میں کام آنیوالی سینکڑوں چیزوں کو بنانے اور بکری کرنیکے طریقے درج ہیں۔ گویا تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے۔

قیمت صرف ۔۱۔۱ ۳ محصولڈاک معاف

ٹیلر ماسٹر

ٹیلرنگ کا کام سکھانیوالی سب سے بہتر اور نئی کتاب۔ جو سالہا سال کی محنت اور تجربہ کے بعد تیار کی گئی ہے۔ جدید فیشن اسپیل کپڑوں مثلاً بوشرٹ۔ لیڈیز کوٹ۔ وغیرہ کاٹنے کا طریقہ بھی آپکو صرف اس کتاب کے اندر ہی ملے گا۔

قیمت صرف ۔۱۔۱ ۵ محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی